ریاضی میلہ

تیسری جماعت کے لیے
ریاضی کی درسی کتاب

4383

حصّہ اوّل–2

PART- 2

विद्यया ऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT


نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ
NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru-560 003

ترتیب

باب8:	مناسب حصہ داری	1
باب9:	سیکڑوں کا گھر-II	11
باب10:	کلاس میں تفریح	22
باب11:	بھروا اور اُٹھاؤ	33
باب12:	لین دین	44
باب13:	وقت چلتا رہتا ہے	59
باب14:	سورج کُنڈ میلہ	71
آموزشی مواد کی شیٹس		86







4333CH08

8 مناسب حصّہ داری

شبنم اور رمتا اپنے دوپہر کے کھانے کے وقفہ کا لطف اٹھا رہے ہیں۔






آپ صحیح کہہ رہے ہیں وہ دونوں برابر نہیں ہیں۔ یہ حصّہ تو برابر نہیں ہیں۔ اچھا ایسا کیا میں نے؟ یہ صحیح نہیں ہے تم نے مجھے بڑا حصّہ دیا ہے۔ ہم پراٹھا برابر تقسیم کریں گے۔



کوئی ایسا طریقہ سوچیے جس کے ذریعہ آپ یہ معلوم کر سکیں کہ تقسیم کیے گئے حصّے برابر ہیں یا نہیں۔

آیئے گفتگو کرتے ہیں




آیئے گفتگو کرتے ہیں

1. آپ چیزوں کو برابر کیسے تقسیم کرتے ہیں؟
2. شبنم پراٹھے کو کیوں موڑ رہی ہے؟



یہ ایک پورا پراٹھا ہے۔

اُس پراٹھے پر صحیح ✓ کا نشان لگائیے جو برابر سے تقسیم کیا گیا ہے۔





آیئے کرتے ہیں

1. ان شکلوں پر دائرہ بنائیے جن کے ایک مکمّل حصّہ میں سے آدھے کو رنگ کیا گیا ہے۔




2. نیچے دی گئی چیزوں کے آدھے حصّے کو ظاہر کرنے کے لیے ایک خط (Line) کھینچیے۔



3. شبنم تین طرف سے کچھ چِکّی کھائی ہے۔تصویر دیکھ کر بتایئے کہ کتنی چِکّی بچی ہے؟
صحیح جواب پر ✓ کا نشان لگایئے۔


(a) آدھے سے)کم (b آدھے سے زیادہ) (c آدھی




4. اس چِکّی کو دو طرف سے کھایا گیا ہے۔آدھے حصّے میں رنگ بھر کر دکھایئے۔




5. مختلف طریقوں سے آدھے حصّے کو ظاہر کرنے کے لیے خطوط (Lines) کھینچیے۔



6. بچے ہوئے آدھے حصّے کی تصویر بناکر مندرجہ ذیل کو مکمل کیجیے۔



آیئے معلوم کرتے ہیں



ایک مستطیل نما کاغذ کا ٹکڑا لیجیے اور اُسے آدھا موڑیے۔ اُن مختلف طریقوں کو معلوم کیجیے جن سے آدھا کیا جاسکتا ہے۔

ایک مربع نما (Square) کاغذ کا ٹکڑا لیجیے اور اسے آدھا موڑیے۔ اُن مختلف طریقوں کو معلوم کیجیے جن سے اسے آدھا کیا جاسکتا ہے۔

آیئے گفتگو کرتے ہیں

ایک ضعیف شخص کے دو بیٹے تھے— امت اور بالا۔ اس نے انھیں ایک آم کا پیڑ، ایک سولر لیمپ اور اونی کمبل دیا۔ اس نے ان دونوں سے ان چیزوں کو آپس میں تقسیم کرنے کو کہا۔



امت ایک چالاک آدمی تھا۔ اس نے اپنے بھائی سے کہا 'آؤ ان چیزوں کو برابر تقسیم کر لیتے ہیں۔ میں پھل رکھوں گا اور تم پیڑ رکھنا۔ میں لیمپ کو رات میں رکھوں گا، تم دن میں رکھ لینا۔ اونی کمبل کو میں آدھا سال سردی میں رکھوں گا اور تم اسے گرمی میں آدھا سال رکھنا'۔ بالا راضی ہو گیا۔

کیا تقسیم کا یہ طریقہ صحیح ہے؟ کیا کوئی اور طریقہ ہے جس سے ان چیزوں کو انصاف کے ساتھ تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

آیئے کرتے ہیں



یہاں کچھ آم دیے ہوئے ہیں۔ ان کو برابری سے دو بچّوں کے درمیان تقسیم کیجیے۔


استاد کے لیے نوٹ: بچّوں کو مختلف طریقوں سے کاغذ کو موڑ کر آدھا حصّہ دکھانے کے لیے کہیے۔ برائے مہربانی کَسر (Fraction) کو آدھے کے طور پر دیکھیے نہ کہ 2 میں سے 1 کے طور پر۔

آدھا اور دوگُنا



3، 6 کا آدھا ہوتا ہے۔ 6 3 کا دوگُنا ہوتا ہے۔

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو آدھے اور دوگُنا سے پُر کیجیے۔






8 کنچوں کے _____ ہوئے 4 کنچے
4 کنچوں کے _____ ہوئے 8 کنچے


5 کنچوں کے _____ ہوئے 10 کنچے
10 کنچوں کے _____ ہوئے 5 کنچے





12 کنچوں کے _____ ہوئے 6 کنچے
6 کنچوں کے _____ ہوئے 12 کنچے

عددی خط پر 7 کے دو گنتی سے 13 دور ہے؟
14 کے آدھے سے 5 کتنی دور ہے؟



پہچانو، میں کون ہوں؟

دیے گئے اشاروں کی مدد سے صحیح کسر (Fraction) معلوم کیجیے۔ تین متبادل میں سے صحیح باکس پر ✓ کا نشان لگائیے۔

1. میرے پاس 3 کنچوں کے دوگُنے سے کم کنچے ہیں۔ میرے پاس 8 کنچوں کے آدھے سے زیادہ کنچے ہیں۔

(a) 6 کنچے (b) 5 کنچے (c) 4 کنچے

2. میرے پاس 4 کنچوں کے دوگنے سے کم کنچے ہیں۔ میرے پاس 10 کنچوں کے آدھے سے زیادہ کنچے ہیں۔

a) 3 کنچے b) 6 کنچے c) 8 کنچے



ایک چوتھائی ایک چوتھائی

ایک چوتھائی ایک چوتھائی

ہر ایک کو کتنا حصّہ ملے گا؟


کتنے چوتھائی مل کر ایک مکمّل کرتے ہیں؟



استاد کے لیے نوٹ : طلبا ایک چوتھائی اور آدھے کا آدھا بھی کہہ سکتے ہیں۔ مختلف طریقوں سے وضاحت کرنے کے لیے استاد بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں اور صحیح وضاحت کرنے کے لیے بچّوں کی مدد کر سکتے ہیں۔

آیئے کرتے ہیں

1. ان چیزوں پر صحیح ✓ کا نشان لگایئے جو ایک چوتھائی کو ظاہر کر رہی ہیں۔



2. نیچے دی گئی چیزوں میں خطوط (Lines) کھینچ کر ایک چوتھائی حصّہ بنایئے۔



3. نیچے دی تصویروں کے بچے ہوئے تین چوتھائی حصّے کو بنا کر تصویروں کو مکمل کیجیے۔

(a) 

(b) 

4. بچے ہوئے چوتھائی حصّے کو بنا کر تصویر مکمّل کیجیے۔

(a) 


(b) 



استاد کے لیے نوٹ: بات چیت کیجیے کہ کیسے ایک مکمّل چیز کو چار برابر حصّوں میں تقسیم کرنے سے چوتھائی حصّے بن جاتے ہیں۔ بچّوں سے کاغذ کو موڑ کر مختلف طریقوں سے چوتھائی حصّہ دکھانے کو کہیے۔ بچوں سے خود کو قائل کروایئے کہ انھوں نے جو موڑا ہے وہ واقعی کاغذ کا ایک چوتھائی حصّہ ہے۔ ایک چوتھائی کو ہمیشہ 1 کے بجائے کسر (lines) کے طور پر بتایئے۔

آدھا یا چوتھائی؟

نیچے دی تصویر کو غور سے دیکھیے۔ صحیح لفظ پر ✓ کا نشان لگائیے۔



شبنم نے کل چڑیوں میں سے آدھی/چوتھائی کو رنگ دیا ہے۔

مکتا نے کل چڑیوں میں سے آدھی/چوتھائی کو رنگ دیا ہے۔

شبنم نے مکتا کی رنگی ہوئی چڑیوں کی تعداد کی آدھی/دوگنی چڑیوں کو رنگا ہے۔

لکشینہ اور پیہو کے پاس 16 پھول ہیں۔




لکشینہ نے کل پھولوں میں سے آدھے/ایک چوتھائی کو پرویا ہے۔

پیہو نے کل پھولوں میں سے آدھے/ایک چوتھائی کو پرویا ہے۔

لکشانیہ نے مکتا پھولوں کی تعداد میں سے آدھے/دوگنے کے پھولوں کو پرویا۔


چوتھائی اور مکمّل



1 چوتھائی | 2 چوتھائی (آدھا) | 3 چوتھائی | 4 چوتھائی (مکمّل)

آیئے کرتے ہیں


1. نیچے دی گئی ان شکلوں پر صحیح ✓ کا نشان لگایئے جو تین چوتھائی ظاہر کر رہی ہیں۔




2. بتائی گئی کسر کے مطابق مندرجہ ذیل اشکال میں رنگ بھریے۔



3 چوتھائی




1 چوتھائی




2 چوتھائی



1 چوتھائی




3 چوتھائی




4 چوتھائی


3. دی گئی ہدایت کے مطابق کسر کو ظاہر کرنے کے لیے مندرجہ ذیل شکلوں میں خطوط (Line) بنائیے اور رنگ بھریئے




3 چوتھائی




1 چوتھائی



2 چوتھائی



1 چوتھائی



3 چوتھائی




4 چوتھائی

4. یہاں ایک مستطیل (Rectangle) دیا گیا ہے جو چوتھائی حصّے ظاہر کر رہا ہے۔ کیسے؟ اس پر گفتگو کیجیے۔



5. نیچے دیے گئے خاکے میں مختلف طریقوں سے چوتھائی اور آدھے (نصف) کو ظاہر کیجیے۔



6. اپنی کتاب سے کسری پہیلیوں کا استعمال کرکے اسے غیر کسری (مکمّل) بنائیے۔




استاد کے لیے نوٹ : پہیلی بنانے کے لیے کتاب کے پیچھے دیے گئے چھیدوالے کاغذ سے بچّوں کو شکلوں کو استعمال کرنے دیجیے۔ بچّوں سے کچھ عام سوالات کیجیے: جیسے کتنے ٹکڑوں کا استعمال کر کے ایک مکمّل (غیر کسری) حاصل ہوا؟ ٹکڑوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر دیکھیے کیا وہ برابر ہیں؟



4333CH09

9 سیکڑوں کا گھر-II



ایک دن اکبر اور بیربل باغ میں تفریح کر رہے تھے۔ بہت سارے کوّے آسمان میں ان کے چاروں طرف اڑ رہے تھے۔ اکبر یہ جاننا چاہتے تھے کہ ان کوّوں کی تعداد کتنی ہے۔

انھوں نے اس کے لیے انعام کا اعلان کیا جو اس کی معلومات حاصل کرے۔

لوگ اس بات سے حیران تھے کہ وہ کوّوں کو ایسے کس طرح شمار کریں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ اڑتے رہتے ہیں۔ اکبر نے بیربل سے پوچھا کہ کیا وہ ان کی تعداد معلوم کر سکتا ہے۔

ایک دن سوچنے کے بعد بیربل نے کہا "ہمارے اس شہر میں کل نو سو تریسٹھ کوّے ہیں۔"

اکبر بہت حیران ہوا اور پوچھا "تم اتنے یقین کے ساتھ کس طرح یہ کہہ سکتے ہو؟"

"آپ ان کی گنتی کر سکتے ہیں۔" بیربل نے کہا۔

"اگر یہ کم ہوئے تو کیا ہو گا؟" اکبر نے پوچھا


"تو وہ کوّے چھٹّی منانے گئے ہوں گے"۔ بیربل نے کہا

"اور اگر یہ زیادہ ہوئے؟" اکبر نے پوچھا۔

"تو دوسرے شہر کے کوّے ہمارے شہر گھومنے آئے ہوں گے۔" بیربل نے کہا۔

اکبر بیربل کے جواب سے خوش ہوا اور اسے انعام سے نوازا۔

آیئے کرتے ہیں



چاول کی بوریوں کی تعداد

مندرجہ ذیل اعداد کو ظاہر کرنے کے لیے ڈرائیور کی طرح ٹائل بنایئے۔ آپ اس سرگرمی کو اپنی کاپی میں انجام دے سکتے ہیں۔

a. 832 b. 947


c. 726 d. 504

e. 620 f. 700

آیئے ان اعداد کو عددی خط پر ڈھونڈیں: 590، 696، 628، 540، 530



ان اعداد کو بھی عددی خط پر دکھایئے: 887، 855، 810، 759، 721، 703






استاد کے لیے نوٹ: اندازہ لگانے میں بچّوں کی مدد کیجیے جیسے وہ کلاس میں، اسکول میں یا آس پاس میں طلبا کی کل تعداد یا کسی تھیلے میں مونگ پھلیوں کی کل تعداد کا اندازہ کرنا۔ بچوں کو 1000 کی گن لڑی دکھایئے تاکہ انھیں یہ معلوم ہو سکے کہ 1000 کتنا بڑا عدد ہے۔ انھیں اس گن لڑی پر 500 کے بعد کے سیکڑے جیسے 600، 700، 800، 900، 1000 وغیرہ بھی دکھایئے۔

آیئے سوچتے ہیں

1. مندرجہ ذیل اعداد جن سیکڑوں، پچاس اور دہائی کے درمیان آتے ہیں، انھیں لکھیے۔ مثال کے ذریعہ سمجھایا گیا ہے۔

نمبر	آس پاس کے سو	آس پاس کے پچاس	آس پاس کی دہائی
468	400اور500	450اور500	460اور470
183			
345			
693			
734			
899			

2. عددی خط کا استعمال کرکے سارس کو اس کے کھانے تک پہنچنے میں مدد کیجیے۔



کیڑے تک پہنچنے کے لیے


667 – ..... قدم = 650

قدموں کی لمبائی: .....

مچھلی تک پہنچنے کے لیے

667 + ... قدم = 700

قدموں کی لمبائی: .....



کیڑے تک پہنچنے کے لیے

..... – ..... قدم = 750

قدموں کی لمبائی: .....

مچھلی تک پہنچنے کے لیے

..... + ... قدم = 800

قدموں کی لمبائی: .....

استاد کے لیے نوٹ: بچوں کی مدد کیجیے کہ وہ مختلف قدموں اور چھلانگوں کی مدد سے سارس کو کھانے تک پہنچا سکیں۔ ان کو معلوم کرنے دیجیے کہ کس طرح 2 یا 3 چھلانگ میں سارس کھانے تک پہنچ سکتا ہے۔

تمبولہ


3. دیے گئے گرڈ کو 570 سے 630 تک کے اعداد سے بھریے۔ ان اعداد کو کاٹیے جو نیچے دیے گئے اشاروں سے ملتے ہیں۔ آپ ایک سے زیادہ اعداد کو بھی باہر نکال سکتے ہیں۔ جس بچے کے سب سے زیادہ اعداد کاٹے ہوئے ہوں گے وہ کھیل جیت جائے گا۔ ایک مثال نیچے دی گئی ہے۔

~~599~~	579	628	572
~~600~~	581	~~574~~	~~597~~
~~602~~	570	573	623
626	~~614~~	~~616~~	609

اشارے

1. 597
2. ایسا عدد جس میں 4 ہو
3. 595 سے 605 کے درمیان کے اعداد
4. وہ عدد جس کی دہائی پر 1 ہو
5. 610 سے دو زیادہ
6. 625 سے 5 کم

مندرجہ ذیل اعداد کو بنانے کے مختلف طریقے لکھیے۔






استاد کے لیے نوٹ: اعداد کے مختلف گرڈ، مختلف اشاروں اور اعداد کے مختلف درجات کے ساتھ تمبولہ (Tambola) کھیل کھیلیے۔ استاد عددی جملوں کے ساتھ ہی ماچس کی تیلیوں، بلاکوں یا عددی خط کا استعمال کر کے اعداد کو مختلف طریقوں سے ظاہر کرنے میں مدد کریں۔

کودیئے اور بنایئے

تیجی اور جوجو آرام کر رہے ہیں۔ اَجّی نے ان سے اعداد کے پیٹرن کو مکمل کرنے کے لیے کہا ہے۔ آیئے، ہم خالی خانوں کو بھرنے میں ان کی مدد کریں۔




استاد کے لیے نوٹ: اس پہیلی میں اعداد کے طور پر دیے گئے اشاروں کو سمجھنے میں بچوں کی مدد کریں۔


940 941 942 943 944 945 947 948 949 950 951 952 953 954 955 957 958 959 961 962 963 964 965 966 967 968 969

آیئے کرتے ہیں

1. بیچ میں دیے گئے اعداد کے لیے عددی جملہ لکھیے۔




2. خالی خانوں میں وہ اعداد لکھیے جس سے وہ دی گئی شرطوں کو پورا کریں۔



عددی پہیلیاں

3. خالی دائروں میں 384، 23، 176، 905 کو اس طرح بھریے کہ وہ دی گئی شرطوں کو پورا کریں۔



4. دائیں طرف بتائی گئی مقدار کا بائیں طرف دیے گئے اعداد سے صحیح جوڑ ملائیے۔

آپ کے اسکول میں بچوں کی تعداد	0-10
آپ کی کلاس میں کتابوں کی تعداد	11-50
ایک بس میں لوگوں کی تعداد	51-100
آپ کی ریاضی کی کتاب میں صفحات کی تعداد	101-200
ایک دن میں آپ جتنے قدم چلتے ہیں	201-500
آسمان میں تاروں کی تعداد	501-1000
ایک ہار میں پھولوں کی تعداد	1000 سے زیادہ

5. مندرجہ ذیل جوڑوں کو اس طرح ملائیے کہ وہ سبھی شرطوں کو پورا کریں۔

میرے پاس دو ہندسے 0 ہیں اور میں 99 کے بہت قریب ہوں	150
میرے پاس 3 سیکڑے، 6 دہائیاں اور 7 اکائیاں ہیں۔	425
میرے پاس 0 دہائی اور 0 اکائی ہیں۔	367
میں 1 سینچری + آدھی سینچری ہوں۔	400
میں 400 اور 450 کے درمیان آتا ہوں اور میرے پاس ہندسے کے طور پر 5 ہے۔	100



استاد کے لیے نوٹ: اس بات کا خیال رکھیں کہ اعداد کی قطار جو بائیں طرف دی گئی ہیں، دائیں طرف دی گئی مقداروں سے ان کا صحیح جوڑ ملانا ہے۔ بچوں کی آپ ان چیزوں کی پہچان کرنے کے لیے حوصلہ افزائی بھی کر سکتے ہیں جو عددی قطاروں سے ملتی ہوں۔

اعداد کا جاسوس (Detective)

اعداد اور پیٹرن کے ساتھ آیئے کچھ تفریح کرتے ہیں۔

ان سینکڑوں کو دیکھیے— 100 200 300

کیا آپ سبھی سیکڑوں کو تلاش کر سکتے ہیں؟

کچھ اعداد خاص ہیں، آیئے 789 345 اور 123 کو جانیں

ان کے علاوہ؟

جو جو حیرت میں ہے کہ ان میں ایسا خاص کیا ہے۔ تیجی کا کہنا ہے 876 اور 321 بھی ایک جیسے ہیں۔

اب، جو اعداد دہرائے جاتے ہیں جیسے، 11، 22، 33 میں جڑواں ہندسے ہوتے ہیں۔ اسی طرح 111، 222، 333 کو تہرے ہندسے کہتے ہیں۔

کیا آپ ایسے اور اعداد تلاش کر سکتے ہیں جو اس پیٹرن کو پورا کرتے ہوں۔

یہاں کچھ اور اعداد بھی ہیں جو بائیں سے دائیں اور دائیں سے بائیں ایک جیسے لگتے ہیں— 353 868

ان کو تلاش کرنا ایک مزے دار کھیل ہے۔ اسی طرح کے کچھ اور اعداد لکھیے۔

تیجی کو صفر والے اعداد پسند ہیں۔ وہ 210 404 اور 800 جیسے اعداد جانتی ہے۔

ایسے کچھ مزید اعداد لکھیے:



استاد کے لیے نوٹ: ان پہیلیوں کو حل کرنے کے لیے اعداد کو منظم طریقے سے گننے اور لکھنے میں بچوں کی مدد کریں۔ بچوں کو اپنی حکمت عملی دوسرے بچوں کو بھی بتانے دیں۔

آیئے کرتے ہیں

1. میرے پاس کاغذ کی چھ خالی پرچیاں ہیں۔ میں ہر ایک پرچی پر 100، 10 اور 1 لکھ سکتی ہوں۔ ان چھ پرچیوں سے میں کون سے اعداد بنا سکتی ہوں؟ گفتگو کیجیے۔



چھ پرچیاں جن پر 100 لکھا ہے۔
یہ تو ہو گیا چھ سو۔



چار پرچیاں جن پر 100 لکھا ہے اور 2 پرچیاں جن پر 10 لکھا ہے، یہ مل کر بن گیا 420۔

100	100	100
100	100	100

100	100	10
100	100	10

a. 231 بنانے کے لیے آپ ان پرچیوں پر کیا لکھیں گے۔

b. 123 بنانے کے لیے ان پرچیوں پر آپ کیا لکھیں گے۔

2. کچھ اور اعداد بنائیے۔

a. عدد ہے.....

b. عدد ہے.....

ان پرچیوں سے کون سا سب سے بڑا عدد بنایا جا سکتا ہے؟.....

ان پرچیوں سے کون سا سب سے چھوٹا عدد بنایا جا سکتا ہے؟.....

کیا کچھ ایسے اعداد بھی ہیں جو ان پرچیوں سے نہیں بن سکتے؟ معلوم کیجیے



استاد کے لیے نوٹ: اس طرح کے مزید سوالات بنائیے اور اعداد کے ساتھ کھیلنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

میرے اعداد

3اور 8ہندسوں کو لیجیے اور جتنے ممکن ہو سکیں اتنے 2یا3ہندسوں والے اعداد آپ بنایئے۔ آپ ہندسے دوہرا بھی سکتے ہیں۔



جوجو! 3اور 8سے میں 38بنا سکتی ہوں

3 8 8 3

8 3



میں 388،338بنا سکتا ہوں۔

8 3 3 8 8 3

2ہندسوں والے اعداد	3ہندسوں والے اعداد

ان اعداد کو چھوٹے سے بڑے کی ترتیب میں لگایئے۔

.....

.....

سب سے چھوٹا عدد:

سب سے بڑا عدد:



آیئے سوچتے ہیں

1. تیجی الفاظ کا استعمال کر کے اعداد بنا رہی ہے! نیلے کارڈس دکھاتے ہوئے وہ کہتی ہے کہ یہ 12ہے۔ پیلے کارڈس کو دکھاتے ہوئے کہتی ہے کہ یہ 14ہے۔ ایسا کیوں؟









معلوم کیجیے کہ تیجی کیا کر رہی ہے۔



استاد کے لیے نوٹ: مختلف اشاروں اور اعداد کے ساتھ اس طرح کے کھیل کھیلیں۔


اَجّی نے کچھ اور اعداد دکھائے۔

a.



7 1

b.




3 5


الفاظ کا استعمال کر کے اعداد بیان کرنے کی اس ترکیب کو 'بھوت عدد' (Bhutasankhya) کہتے ہیں جس کا مطلب ہوتا ہے لفظی اعداد (Word Nunuerals)

1. نیچے دیے گئے کارڈوں کے لیے اعداد لکھیے۔

a.



b.



2. 0 سے 9 کے لیے مزید کچھ الفاظ سوچیے

15، 27 اور 94 اعداد کے لیے نئے کارڈس بنائیے۔



استاد کے لیے نوٹ: بچوں کے ساتھ واقفیت والی عام زبان اور سیاق و سباق کا استعمال کیجیے۔



4333CH10

10 کلاس میں تفریح

تیسری جماعت کے طلبا تقریب کی تیاری کر رہے ہیں۔ تصویر کو دیکھیے۔





آیئے کرتے ہیں

اوپر دی گئی تصویر کے مطابق آپ سوالوں کے جواب کس طرح دیں گے، سمجھایئے اور گفتگو کیجیے۔


1. کون سی مختلف سرگرمیاں تصویر میں دکھائی گئی ہیں؟
2. شیلی دروازے کی اونچائی کس طرح معلوم کرتی ہے؟
3. لینا اور آدی اپنے اپنے بالشت کا استعمال کرکے ایک میز کی لمبائی کی پیمائش کر رہے ہیں۔ کیا دونوں کی پیمائش برابر ہوگی؟



استاد کے لیے نوٹ: تصویر میں پیمائش کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں جن میں رسمی اور غیر رسمی آلوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ بچوں کو پیمائش کے مختلف طریقوں کی خود پہچان کرنے دیں اور بالشت، قدم و کاغذ کی جھالروں سے پیمائش کرنے میں مدد کریں۔

4. اس بچے پر دائرہ بنائیے جس کی چوٹی سب سے لمبی ہے۔
5. ان کاغذ کی جھالروں پر ✓ کا نشان لگائیے جو کھڑکی کی اونچائی کے برابر ہے۔
6. کلاس کی دو دیواروں کے بیچ کا فاصلہ معلوم کیجیے۔ آپ کس طرح یہ معلوم کریں گے؟ کیا اس کی پیمائش کے اور بھی طریقے ہو سکتے ہیں؟
7. تصویر میں بچے جن مختلف طریقوں سے پیمائش انجام دے رہے ہیں، ان سبھی طریقوں کو پہچانیے۔ آپ کے مطابق کون سا طریقہ بہتر ہے اور کیوں؟

تیسری جماعت کے بچے کاغذ کی مختلف رنگوں کی جھالروں کا استعمال کر کے تختۂ سیاہ (Black board) سجا رہے ہیں۔



آیئے کرتے ہیں

1. اوپر دی گئی تصویر میں موجود کاغذ کی جھالروں میں درج ہدایات کے مطابق رنگ بھریے۔
   a. سب سے چھوٹی جھالر میں لال رنگ بھریے۔ آپ نے سب سے چھوٹی جھالر کو کیسے پہچانا، گفتگو کیجیے۔
   b. سب سے بڑی جھالر میں ہرا رنگ بھریے۔ آپ نے سب سے بڑی جھالر کو کیسے پہچانا، گفتگو کیجیے۔
2. ہرے بورڈ کے کناروں کو سجانے کے لیے رنگین کاغذ کی مزید کتنی جھالروں کی ضرورت ہو گی؟
3. بورڈ کے سارے کناروں کو مکمل سجانے کے لیے کتنے استعمال ہوں گے؟

آیئے کرتے ہیں

1. کسی اونی یا سوتی دھاگے کو نیچے دیے گئے خط کی لمبائی کے برابر کاٹ کر چپکایئے۔

2. ذیل میں دی گئی جھالر سے لمبی ایک جھالر بنایئے۔




3. آدی اور شیلی نے جو سجاوٹی جھالر پکڑی ہوئی ہے، اس سے چھوٹی ایک جھالر بنایئے۔




4. ذیل میں دیے گئے چہرے پر مونچھ کا دوسرا آدھا حصّہ بنائیے، جو بنی ہوئی آدھی مونچھ کی لمبائی کے برابر ہو۔



5. دی گئی جھالروں کو دیکھ کر آدی کی مدد کیجیے کہ وہ لمبی جھالر چُن سکے۔ آپ نے جھالر کو کیسے پہچانا؟ گفتگو کیجیے۔



شیلی اور آدی کو تقریب کے لیے کلاس میں ایک بڑی میز لے جانے کی ضرورت ہے۔ ان دونوں سے اٹھے گی نہیں کیوں کہ وہ میز بہت بھاری ہے۔ بغیر میز اٹھائے وہ کس طرح معلوم کریں گے کہ میز دروازے سے اندر جاسکتی ہے یا نہیں؟ انھیں یہ معلوم کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔



اگر میز کی لمبائی اور چوڑائی دونوں ہی دروازے کی چوڑائی سے زیادہ ہوں تو کیا میز کو دروازے کے اندر لے جانے کا کوئی اور طریقہ ہو سکتا ہے؟

آیئے کھیلتے ہیں



اپنی جماعت میں موجود ڈبّوں، بستوں یا چیزوں کی مدد سے ایک پُل بنایئے۔ ڈبوں کو اس طرح ترتیب سے لگایئے کہ پُل نہ ہلے۔ اپنی جماعت سے کچھ چیزیں لیجیے اور اندازہ لگایئے کہ کیا یہ چیزیں پُل سے ہو کر گزر سکتی ہیں یا نہیں۔

کیا آپ ان چیزوں کا نام بتا سکتے ہیں جو آپ کے اسکول کے دروازے سے نہیں نکل سکتیں؟ گفتگو کیجیے۔



استاد کے لیے نوٹ: دو لمبائیوں کا موازنہ کرنے کے لیے ہمیشہ ان کو قریب لانا ممکن نہیں ہوتا جیسا کہ اوپر میز اور دروازے کی مثال میں دکھایا گیا۔ اس مشق سے بچوں کو یہ معلوم کرنے میں مدد کرے گی کہ ہم کسی برابر اکائی کے استعمال کے ذریعہ بالواسطہ (Indirectly) بھی پیمائش کر سکتے ہیں۔

کیا یہ سب کے لیے درست ہے؟




ناٹک کے کپڑوں کے لیے بچے اپنے جسمانی اعضا کی پیمائش کر رہے ہیں۔


بچوں نے درج ذیل بیانات دیے ہیں۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ یہ بیانات سبھی بچوں کے لیے درست ہیں؟ آیئے جانچ کرتے ہیں۔ اپنے دوستوں کی مدد سے پیمائش کیجیے۔ صحیح جواب کے آگے ✓ کا نشان لگایئے۔

1. آپ کا سَر 3 بالشت گول ہے۔ (صحیح / غلط)
2. تمھارے بازو کی لمبائی آپ کے پیر کی لمبائی کے برابر ہے۔ (صحیح / غلط)
3. آپ کی اونچائی آپ کے دونوں کھلے ہاتھوں کی لمبائی کے برابر ہے۔ (صحیح / غلط)

شَیلی ناٹک کے لیے پردے بنانا چاہتی ہے۔ لینا اپنی ماں کی ساڑی لے کر آئی ہے۔ آدی نے اپنی پینسل کا استعمال کر کے دیوار کی لمبائی کی پیمائش کی ہے۔








ایک میٹر لمبی رسّی بنانے کا طریقہ:

1. ایک میٹر راڈ یا انچی ٹیپ اور رسی یا دھاگا لیجیے۔
2. اس کے ایک سِرے پر گرہ باندھیے۔
3. رسّی کے ساتھ میٹر راڈ رکھیے۔



4. رسّی پر میٹر کا نشان لگا کر اس جگہ پر ایک گرہ باندھ دیجیے۔
5. اب ان دو گرہوں کے بیچ کی لمبائی ایک میٹر ہے۔ ایک بار دوبارہ جانچیے کہ اس کی لمبائی ایک میٹر ہے یا نہیں۔


اپنے کلاس کی دیوار پر ایک میٹر کا نشان لگا کر اپنے قد کی پیائش کیجیے۔

اپنے ان دوستوں کے نام لکھیے جن کا قد ایک میٹر سے زیادہ ہے اور جن کا قد ایک میٹر سے کم ہے۔



ایک میٹر سے زیادہ قد		ایک میٹر سے کم قد	
_____	_____	_____	_____
_____	_____	_____	_____
_____	_____	_____	_____
_____	_____	_____	_____
_____	_____	_____	_____

ان بچوں میں سب سے اونچے قد والے بچے پر دائرہ بنائیے۔



تصویر میں سے کس کا قد سب سے اونچا ہے؟ گفتگو کیجیے۔

اپنے اطراف میں موجود اُن چیزوں کے نام لکھیے جن کی لمبائی ایک میٹر، ایک میٹر سے زیادہ اور ایک میٹر سے کم ہے۔

ایک میٹر سے زیادہ لمبائی والی چیزیں	ایک میٹر سے کم لمبائی والی چیزیں	ایک میٹر کے برابر لمبائی والی چیزیں





یہ ایک میٹر لمبا ہے۔



اس کو آدھا موڑیے۔ یہ آدھا میٹر لمبا بن جائے گا۔



اس کو دوبارہ آدھا موڑیے۔ یہ ایک چوتھائی میٹر لمبا ہو جائے گا۔



یہ مرتبان آدھا میٹر لمبا ہے۔

آیئے کرتے ہیں

1. ایک میٹر، آدھا میٹر اور ایک چوتھائی میٹر کی رسیوں کا استعمال کر کے مختلف اشیا کی لمبائی کی معلومات حاصل کریں۔ مندرجہ ذیل دی گئی جدول میں ان کا نام لکھیے اور صحیح خانوں میں ✓ کا نشان لگائیے۔

اشیا	ایک چوتھائی میٹر سے کم	ایک چوتھائی میٹر سے زیادہ	آدھے میٹر سے کم	آدھے میٹر سے زیادہ	ایک میٹر سے کم	ایک میٹر سے زیادہ


2. فرش پر ایک خط شروعاتی خط کے طور پر بنائیے اور پھر شروعاتی خط سے ایک میٹر کی دوری پر دوسرا خط بنائیے۔ شروعاتی خط پر کھڑے ہو کر چھلانگ لگائیے۔ ان بچوں کے نام لکھیے جنھوں نے ایک چوتھائی یا آدھے میٹر اور ایک میٹر سے زیادہ کی چھلانگ لگائی۔

3. ایک گیند یا ڈسک لیجیے اور جہاں تک ممکن ہو اسے پھینکنے کی کوشش کیجیے۔ اب پیمائش کیجیے کہ یہ کتنی دور پہنچا۔

آیئے کرتے ہیں

1. ایک میٹر لمبی پٹی یا رسی لے کر اپنے استاد یا والدین کے قد کی پیمائش کیجیے۔
2. اندازہ لگا کر ایک میٹر اون یا دھاگا کاٹیے۔ اپنے دوستوں سے بھی یہی سرگرمی انجام دینے کو کہیے۔ اب ایک میٹر رسّی کی مدد سے معلوم کیجیے کہ کس کا اندازہ سب سے قریب تھا۔
3. ایک میٹر رسّی کو چار برابر حصّوں میں کاٹیے۔ رسّی کو کتنی بار کاٹا۔
4. ایک میٹر رسّی میں آپ کے کتنے قدم آتے ہیں؟
5. ایک میٹر کی رسّی کا استعمال کر کے معلوم کیجیے کہ کمرۂ جماعت کی دیوار کا ایک کنارہ کتنا لمبا ہے۔







4333CH11

11 بھرو اور اٹھاؤ

آپ کتنا جوس پی سکتے ہیں؟



چنٹو پوسٹر پڑھتا ہے اور شمبھو سے کہتا ہے:



آپ کو کیا لگتا ہے، چنٹو نے یہ چیلنج کیوں قبول نہیں کیا؟

کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ یہ چیلنج قبول کر سکتے ہیں؟



استاد کے لیے نوٹ: بچّوں کو یہ سمجھنا چاہیے کہ اگر کوئی بڑا گلاس لے گا تو چند گلاس ہی جوس پی سکے گا۔ اس لیے کوئی چیلنج قبول نہیں کر سکے گا۔

کس کے گلاس میں زیادہ ہے؟

نیتا اور مونو، ریتو کے گھر گئے۔ رِتو کی ماں نے ان تینوں کو الگ الگ گلاس میں دودھ دیا۔ آپ کو کیا لگتا ہے کس کو سب سے زیادہ دودھ ملا؟





رِتو کی بڑی بہن معلوم کرتی ہے کہ کس نے سب سے زیادہ دودھ پیا ہے۔

اس نے تینوں گلاسوں کے دودھ کو ایک برابر کے گلاسوں میں پلٹا۔


رِتو کا گلاس


مونو کا گلاس


نیتا کا گلاس


رِتو کا گلاس


مونو کا گلاس


نیتا کا گلاس

آیئے گفتگو کرتے ہیں

1. سب سے زیادہ دودھ کس نے پیا؟
2. دودھ کس نے پیا؟

3. خالی جگہوں کو 'زیادہ' اور 'کم' سے بھریے۔

a. نیتا کے گلاس میں مونو کے گلاس سے.....دودھ تھا۔

b. مونو کے گلاس میں نیتا کے گلاس سے.....دودھ تھا۔

c. رِتو کے گلاس میں نیتا کے گلاس سے.....دودھ تھا۔

4. صحیح نام پر ✓ کا نشان لگائیے۔

a نیتا / مونو / رِتو کے گلاس میں سب سے زیادہ دودھ ہے۔

b . نیتا / مونو / رِتو کے گلاس میں سب سے کم دودھ ہے۔



آیئے کرتے ہیں

اپنے گھر سے مختلف ناپ کے تین برتن لیجیے (جیسے چھوٹا پیالہ  ، گلاس  اور بوتل ) اندازہ لگائیے! کتنے پیالے مل کر گلاس کو بھر سکیں گے؟ کتنے گلاس مل کر بوتل کو بھر سکیں گے؟ پہلے اندازہ لگائیے پھر یہ جانچنے کے لیے کہ آپ کا اندازہ صحیح ہے یا نہیں، ایک برتن سے دوسرے برتن میں پانی ڈال کر تجربہ کیجیے۔



برتن	میرے اندازے کے مطابق پیالوں کی تعداد	کتنے پیالے
گلاس		
بوتل		

1. 'سب سے زیادہ' اور 'سب سے کم' سے خالی جگہ بھریے۔

a گلاس میں.....پانی آیا۔

b بوتل میں.....پانی آیا۔

2. اپنے گھر میں استعمال ہونے والے کچھ ایسے برتنوں کے نام بتائیے جن میں بوتل سے زیادہ پانی آسکتا ہے۔



کے لیے نوٹ : بچے مختلف قسم کے برتن لاسکتے ہیں مگر ان کو اس کی گنجائش کے حساب سے نتیجے پر پہنچنا آنا چاہیے۔

آیئے کرتے ہیں



1. کتنی ڈوئیوں (Ladles) سے پیالہ بھرتا ہے؟ .....
2. جگ سے کتنے گلاس بھرے جاسکتے ہیں؟ .....
3. گلاس کو آدھا بھرنے کے لیے آپ کیا استعمال کریں گے؟
4. لیموں کی شکنجی گلاسوں میں تقسیم کرنے کے لیے آپ ان میں سے کس کا استعمال کریں گے اور کیوں؟
5. لیموں کی شکنجی کے تین جگوں سے آپ کتنے گلاس بھر سکیں گے؟
6. 4 گلاس بھرنے کے لیے آپ کو کتنی ڈوئیوں کی ضرورت ہوگی؟
7. کیا آپ ایک ڈوئی، پیالہ اور ایک گلاس کا استعمال کرکے معلوم کرسکتے ہیں کہ کتنی شکنجی ایک جگ میں آئے گی؟



استاد کے لیے نوٹ : بچوں کو بات چیت کرنے دیجیے کہ ہر چیز کو کتنی دفعہ استعمال کرکے بھرنا ہوگا۔ بات چیت کیجیے کہ ایک چھوٹے برتن کو کیسے بار بار استعمال کرکے ہم بڑا برتن بھر سکتے ہیں اور کس طرح ایک بڑے برتن سے ہم کئی چھوٹے برتن بھر سکتے ہیں۔ ان کو یہ نتیجہ اخذ کرنے دیجیے کہ دونوں ہی صورتوں میں پانی کی مقدار برابر رہے گی۔

ناپنے والی بوتل



نیتا ہر روز دودھ والے کو ایک پیمائشی مگ کا استعمال کر کے دودھ ڈالتے ہوئے دیکھتی ہے۔
آپ کو کیا لگتا ہے کہ دودھ والا فروخت کرنے کے لیے ایک پیمائشی مگ کا استعمال کیوں کرتا ہے؟ آپ اپنے والدین اور دادا دادی اور اپنی جماعت میں گفتگو کیجیے۔





نیتا بوتل سے جگ میں پانی ڈالتی ہے۔ جگ 1 لیٹر کے برابر ہے۔



آیئے گفتگو کرتے ہیں

. نیچے دیے گئے جملوں میں صحیح لفظ پر ✓ کا نشان لگایئے۔

a گلاس میں 1 لیٹر سے زیادہ پانی آتا ہے۔

b. پیالہ میں 1 لیٹر سے زیادہ پانی آتا ہے۔

c. جگ میں 1 لیٹر سے زیادہ / کم / برابر پانی آتا ہے۔



استاد کے لیے نوٹ: اوپر دی گئی سرگرمیوں کو انجام دینے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ بچّوں کے حاصل کیے گئے نتیجوں پر جماعت میں گفتگو کیجیے۔ بچّوں کو ان کے چنے ہوئے برتنوں کی بنیاد پر الگ الگ جوابات مل سکتے ہیں۔ استاد کچھ برتن لے سکتے ہیں اور بچوں سے یہ اندازہ لگانے کو کہہ سکتے ہیں کہ ان میں سے کس برتن میں 1 لیٹر یا اس سے زیادہ یا پھر اس سے کم پانی آئے گا۔

2. اپنے گھر پر کچھ ایسے برتن تلاش کیجیے جو 1 لیٹر کی گنجائش رکھتا ہو۔جانچ کے لیے اپنی 1 کی بوتل کا استعمال کیجیے۔

لیٹر 3 سے کم اور 1 لیٹر سے زیادہ مقدار والے برتنوں کی پہچان کیجیے۔

آیئے سوچتے ہیں

تصویر کو دیکھیے اور صحیح الفاظ پر ✓ کا نشان لگایئے۔



a. مگ میں 1 لیٹر / آدھا لیٹر پانی آتا ہے۔

b. گلاس میں 1 لیٹر / آدھا لیٹر / ایک چوتھائی لیٹر پانی آتا ہے۔



آیئے معلوم کرتے ہیں

پہلے اندازہ لگایئے پھر 1 لیٹر کی بوتل کی مدد سے جانچ کر مناسب لفظ پر صحیح ✓ کا نشان لگایئے۔

a) آپ کے گھر کی بالٹی میں کتنا پانی آتا ہے: ایک لیٹر سے زیادہ سے کم کے برابر۔

b) آپ کے گھر مگ میں کتنا پانی آتا ہے: آدھے لیٹر سے کم سے زیادہ کے برابر۔

c) ایک گلاس میں کتنا پانی آتا ہے: چوتھائی لیٹر سے زیادہ سے کم کے برابر۔



استاد کے لیے نوٹ: 1 لیٹر، آدھا لیٹر اور ایک چوتھائی لیٹر کی وسعت والے برتن حاصل کیجیے۔ طلبا پانی کی پیمائش والی ان سرگرمیوں کو اپنی جماعت میں انجام دیں۔ بچّوں کی سمجھ بنانے میں حوصلہ افزائی کیجیے کہ ایک چوتھائی لیٹر کے 4 گلاس 1 لیٹر کے برابر ہوتے ہیں اور 2 آدھے لیٹر کے مگ 1 لیٹر کے برابر ہوتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

ایک بار استعمال ہونے والی پلاسٹک کی لیٹر کی بوتل بنانے میں ہمیں 5 لیٹر پانی کی ضرورت ہوتی ہے! ہم اپنا خود کا گلاس یا دوبارہ استعمال ہونے والی بوتلوں کا استعمال کریں تو کم پانی برباد ہوگا۔





بھاری اور ہلکا

چنٹو نے 30 سیکنڈ کے لیے ایک ہاتھ میں 3 کتابیں اور دوسرے ہاتھ میں پینسل کا باکس پکڑ رکھا ہے۔

اپنے دوست کے ساتھ گفتگو کیجیے کہ چنٹو کا ایک ہاتھ، دوسرے ہاتھ سے نیچے کیوں ہے؟

مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی اشیا کو دونوں ہاتھوں میں رکھنے کی کوشش کیجیے اور اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر معلوم کیجیے کہ کون سی چیز بھاری ہے اور کون سی ہلکی؟

کیا آپ اور آپ کے دوست دونوں ہی اتفاق کرتے ہیں کہ کون سی چیز ہلکی ہے اور کون سی بھاری؟

موازنہ کرنے والی اشیا	میرا مشاہدہ	میرے دوست کا مشاہدہ
کھانے کا ڈبّہ اور پنسل باکس	.....سے زیادہ بھاری.....ہے۔	.....سے زیادہ بھاری.....ہے۔
اسکول بیگ اور کھانے کا بیگ		
سیب اور تربوز		
ہوا سے بھرا غبّارہ اور باسکیٹ بال		



استاد کے لیے نوٹ: بچّوں کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ بھاری چیزیں وزن کی وجہ سے نیچے کی طرف جاتی ہیں۔ بچوں کو وزن تولنے کا مشاہدہ کرانے کے لیے استاد ترازو لا سکتے ہیں یا کسی سبزی فروش کو بلا سکتے ہیں۔

آیئے کرتے ہیں



1. درج ذیل جدول میں اشیا کے نام اور ان کے وزن لکھیے:

	اشیا	کتنے سکّے اور ربڑ اشیا کے وزن کے برابر ہیں؟
a.	پینسل 	
b.	پنگ پانگ بال	
c.		
d.		
e.		

2. آیئے ایک اور میزان بنائیں جس سے تھوڑی بھاری اشیا کا وزن کیا جا سکے۔

ایک ماچس کے ڈبّی کو ریت سے بھریے اور اس کا استعمال مندرجہ ذیل اشیا کو تولنے کے لیے کیجیے۔ ماچس کی ڈبیوں کے مطابق اشیا کے وزن کا اندازہ لگائیے اور پھر اپنے جواب کا جائزہ لیجیے۔

اشیا	اشیا کے برابر ماچس کی ڈبیوں کی تعداد کے متعلق آپ کا اندازہ	اشیا کو برابر ماچس کرنے کے لیے استعمال کی گئیں ماچس کی ڈبیوں کی اصل تعداد
پینسل باکس 		
		
کنچے 		

وزن کی گئیں اشیا کے ناموں کو ہلکے سے، بھاری کی ترتیب میں لکھیے۔

.....



استاد کے لیے نوٹ: ایک کھلونا ترازو لائیے اور سکّوں یا ربڑ جیسے آسانی سے دستیاب پاٹ کا استعمال کیجیے۔

آیئے کرتے ہیں

وزن کا کھیل



اس سرگرمی کو گروپ میں انجام دیجیے۔ اپنے گروپ میں ایسا بستہ تلاش کیجیے جو آپ کے بستے سے زیادہ وزنی ہو۔ ایک ایسا بستہ تلاش کیجیے جو آپ کے بستے سے ہلکا ہو۔ گفتگو کیجیے۔

1. آپ کا بستہ بھاری یا ہلکا کیوں ہے؟
2. اگر بستے میں رکھی ہوئی کتابوں کی تعداد میں کوئی فرق ہے تو کتابوں کی تعداد گنیے۔
3. کیا آپ ایک کتاب کو نکال کر تقریباً برابر وزن کے دو بستے بنا سکتے ہیں؟ گفتگو کیجیے۔

1 کلوگرام کتنا ہوتا ہے؟



اپنے والدین کی مدد سے اپنے گھر میں ایسی چیزیں تلاش کیجیے جن پر 1 کلوگرام لکھا ہو۔ اپنے ہاتھوں سے اسے محسوس کیجیے اور اندازہ لگائیے کہ مزید کون سی دوسری اشیا ہیں جو 1 کلوگرام کی ہو سکتی ہیں۔ سامان پر لگی پرچی یا اپنے والدین کی مدد سے اپنے جواب کی جانچ کیجیے۔

4. ان چیزوں کے نام لکھیے جن کا وزن 1 کلوگرام کے ہے۔

..... , ...

5. کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ذیل میں سے کون سی اشیا 1 کلوگرام سے ہلکی یا بھاری ہیں۔ مناسب خانے میں صحیح ✓ کا نشان لگائیے۔



اشیا							
1 کلوگرام سے بھاری	☐	☐	☐	☐	☐	☐	☐
1 کلوگرام سے ہلکی	☐	☐	☐	☐	☐	☐	☐

6. اس ترازو کو دیکھیے اور صحیح لفظ پر ✓ کا نشان لگائیے۔



a. دال کے ہر پیکٹ کا وزن آدھا کلوگرام/ایک کلوگرام ہے۔



b چائے کی پتّی کے ہر پیکٹ کا وزن آدھا کلوگرام/ایک چوتھائی کلوگرام/ایک کلوگرام ہے۔

آیئے معلوم کرتے ہیں

اپنے گھر میں چاروں طرف دیکھیے اور پہچانیے کہ کون سی چیزیں آدھا کلوگرام کے برابر ہیں اور کون سی چیزیں ایک چوتھائی کلوگرام کے برابر ہیں۔ ان چیزوں کو ہاتھ میں لے کر محسوس کیجیے اور اندازہ لگائیے کہ مزید کون سی اشیا آدھا کلوگرام یا ایک چوتھائی کلوگرام کے برابر ہوں گی۔ آدھا کلوگرام اور ایک چوتھائی کلوگرام کی چیزوں کی فہرست بنائیے۔ 1 کلوگرام کے نمک کے پیکٹ کی مدد سے سبھی اشیا کی جانچ کیجیے۔



استاد کے لیے نوٹ: بچّوں سے اس بارے میں گفتگو کیجیے کہ وہ کس طرح اپنے جوابات کے لیے اندازہ لگا رہے ہیں۔ 1 کلوگرام نمک کی تھیلی اور ترازو کا استعمال کر کے بچوں کو 1 کلو، ½ کلو اور ¼ کلو کے درمیان مناسبت تلاش کرنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

گیندوں کا کھیل



1. مونٹو نے اپنے دوستوں سے ایک پہیلی پوچھی: 3 گیندیں دیکھنے میں ایک جیسی لگتی ہیں۔ 1 گیند ان میں سے بھاری ہے اور باقی 2 گیندوں کا وزن برابر ہے۔ آپ کے پاس صرف ترازو ہے اور کوئی باٹ نہیں ہے۔ 3 گیندوں اور ترازو کا استعمال کر کے، کیا آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ کون سی گیند بھاری ہے؟



a) آپ کو کتنی دفعہ وزن کرنا ہوگا؟

b) ترازو کو صرف ایک دفعہ استعمال کر کے بتائیے کہ کون سی گیند بھاری ہے؟

2. ایک برابر سائز کی لال، نارنگی اور ہرے رنگ کی گیندیں ہیں جو وزن کے اعتبار سے مختلف ہیں۔ آپ اس کے لیے ترازو کا استعمال کر سکتے ہیں لیکن باٹ کا استعمال نہیں کر سکتے۔




لال گیند　　نارنگی گیند　　ہری گیند

آپ کس طرح معلوم کریں گے کہ ان میں سے کون سی گیند سب سے بھاری اور کون سی سب سے ہلکی ہے۔



4333CH12

12 لین دین



2 جوڑیے

5 جوڑیے

5 گھٹایئے

						234	6 جوڑیے
						357	6 گھٹایئے
						288	9 جوڑیے
						331	9 گھٹایئے

کشن ایک بڑی نَرسری (Nursery) چلاتا ہے جس میں اس نے مختلف طرح کے پودے اُگائے ہوئے ہیں۔ گاؤں والے اکثر اس کے پاس آتے ہیں اور اپنے گھروں میں اگانے کے لیے پودے لے جاتے ہیں۔




1. کشن کے پاس مختلف جڑی بوٹیوں اور پھولوں کے 364 پودے تھے۔ پھر وہ اپنے دوست کے گاؤں گیا اور وہاں سے 52 پودے لے آیا۔ اب اس کے پاس کل کتنے پودے ہوئے؟

آیئے اس سوال کے لیے ہم ایک باکس ڈائی گرام بناتے ہیں۔



آیئے اس سوال کو حل کرنے کے لیے نیچے دیے گئے طریقے کا استعمال کریں۔



کل کتنے پودے ہیں؟


364 میں 52 جوڑنے پر ہمیں 4 سیکڑے، 1 دہائی اور 16 اکائی حاصل ہوئی۔

سیکڑا	دہائیاں	اکائیاں
6	1	4

364 پودے + 52 پودے = _____ پودے


_____ = 52 + 364


آپ عددی خط کی مدد سے بھی اسے حل کر سکتے ہیں۔





2 کشن کو ایک اسکول میں 230 پودے پہنچانے کا آرڈر ملا ہے۔ اس نے ایک کھلے باکس میں 75 پودے رکھے۔ اس کو اور کتنے پودے رکھنے ہوں گے؟



دیے گئے سوال کو ہم باکس ڈائی گرام کے ذریعے لکھتے ہیں۔



آیئے سیکڑا  کا استعمال کر کے اس مسئلے کو حل کریں۔

سیکڑا	دہائی	اکائی
2	3	0
		

ہمیں 230 میں سے 75 گھٹانا ہے۔

سیکڑا	دہائی	اکائی
		

5 اکائی کو گھٹانے کے لیے ہمیں 1 دہائی کو 10 اکائیوں میں بدلنا ہوگا۔

اب ہم 10 اکائیوں میں سے 5 اکائی لے سکتے ہیں۔



استاد کے لیے نوٹ: کتاب کے آخر میں دیے گئے ڈائنس بلاکس اور عددی خط کا استعمال کر کے ان مسائل کو حل کرنے کے لیے بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچے ان مسائل کو مختلف طریقوں سے اعداد جوڑ گھٹا کر حل کر سکتے ہیں۔ سیکڑوں، دہائیوں اور اکائی کے درمیان تعلقات پر گفتگو کیجیے۔

10 اکائیوں میں سے 5 اکائی گھٹانے کے بعد ہمارے پاس 5 اکائی بچتی ہے۔

سیکڑا	دہائی	اکائی
2	2	5

اب ہمیں 225 میں سے 70 گھٹانا ہے۔ اس لیے 230 میں سے 5 گھٹانے پر ہمیں 225 حاصل ہوتا ہے۔ ہم 225 کی 2 دہائی میں سے 70 کی 7 دہائی کو نہیں گھٹا سکتے ہیں تو ہم 1 سو کے بلاک کو کھول کر 10 دہائی میں بدل دیتے ہیں۔

سیکڑا	دہائی	اکائی

اب 12 دہائیوں میں سے 7 دہائی گھٹائیں

سیکڑا	دہائی	اکائی

ہمارے پاس یہ رہ گئے ہیں۔

کشن کے پاس اب.....پودے ہیں۔



استاد کے لیے نوٹ : معیاری الگورتھم میں جانے سے پہلے ڈائنس بلاک اور عددی خط کا استعمال کر کے مختلف طریقوں سے سوالات کو حل کرنے کے لیے بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

آیئے کرتے ہیں

ڈبّوں والے خاکے کی مدد سے مندرجہ ذیل سوالات کو حل کرنے کے لیے پہلے دکھائے گئے باکس ڈائی گرام بنایئے۔ پھر سوالات کو حل کرنے کے لیے سیکڑا۔ دہائی۔ اکائی بلاک یا عددی خط کا استعمال کیجیے۔


. 1 کشن کے پاس اگست میں 456 پودے تھے۔ اس نے 63 پودے تقسیم کر دیے۔ اس کے پاس کتنے پودے بچے؟

2 کشن کے پاس 309 پودے ہیں۔ وہ مزید 80 پھول والے پودے لے کر آیا۔ اب اس کے پاس کتنے پودے ہیں؟


. 3 کشن کے پاس جڑی بوٹی کے 270 پودے ہیں اور اس کے دوست کے پاس جڑی بوٹی کے 36 پودے ہیں۔ کشن کے پاس اپنے دوست کے مقابلے کتنے زیادہ پودے ہیں؟

نیچے دیے گئے باکس ڈائی گرام میں اعداد کا استعمال کر کے عبارتی سوال لکھیے اور انھیں حل کیجیے۔ صحیح سیاق و سباق کے لیے آپ تصویروں کی مدد لے سکتے ہیں۔











305 بورے

؟ | 210 بورے

مندرجہ ذیل سوالات کو حل کرنے کے لیے نیچے دیے گئے گرڈ کا استعمال کیجیے۔ اپنے جواب کو گرڈ میں رنگیے۔

521	522	523	524	525	526	527	528	529	530
511	512	513	514	515	516	517		518	519	520
501	502	503	504	505	506	507		508	509	510
491	492	493	494	495	496	497		498	499	500
481	482	483	484	485	486	487		488	489	490
471	472	473	474	475	476	477		478	479	480
461	462	463	464	465	466	467		468	469	470
451	452	453	454	455	4	56	457	458	459	460

☐ 15+ 21 + 489	☐ 19 + 481	466 10 + 456
☐ 40 – 519	☐ 51 + 467	☐ 23 + 405




استاد کے لیے نوٹ: سوالات حل کرنے کے لیے اوپر دیے گئے گرڈ کا استعمال کرنے کے لیے بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ 100، 10 اور 1 کو کسی عدد میں جوڑنے پر جو پیٹرن بن رہا ہے اس کی طرف بچّوں کو متوجہ کیجیے۔

جوڑواور آگے بڑھو

100جوڑے	10جوڑے	1جوڑے
269	269	269
369		

100جوڑے	10جوڑے	1جوڑے
454	454	454
		455




ایک عرصہ قبل 'جادوپوراگاؤں' میں اپنی ضرورت کے حساب سے لوگ سامان کی ادلا-بدلی کرتے تھے۔ شامو کا کا نے دریا دیدی کو 5 بوری چاول دیے۔ اس کے بدلے دریا دیدی نے 10 بوریاں سبزیاں دیں۔ دریادیدی 5 بوری پیاز کے بدلے .ببلو دادا سے 2 ساڑیاں لیں۔



اسی طرح گاؤں کے لوگ اپنی چیزیں ایک دوسرے سے بدلتے تھے۔ شامو کا کا کو چاول کے بدلے سبزیاں ملیں۔ دریادیدی کو بہت ساری پیاز کے بدلے دوساڑیاں ملیں۔ اس بارے میں گفتگو کیجیے کہ اس گاؤں کے لوگوں کو سامان کو آپس میں بدلنے کے لیے مختلف مقداریں کیوں دینی ہوتی تھیں۔

آج کے دور میں ہم اپنی ضرورت کی چیزوں کے بدلے پیسوں کا استعمال کرتے ہیں۔ نوٹ اور سکّے مختلف قدر ہوتے ہیں جن کا استعمال ہم مختلف چیزیں خریدنے کے لیے کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر، 10 روپے کے ایک نوٹ سے ہم 1 ہوا مٹھائی یا 10 ٹافیاں خرید سکتے ہیں۔



ایک ہوا مٹھائی کی قیمت 1 ٹافی سے زیادہ ہے۔

سلمیٰ نے دودھ کی دو بوتلیں 100 روپے میں خریدیں۔ کرن نے انار کی ڈلیا 100 روپے میں خریدی۔

دودھ کی ایک بوتل یا ایک انار میں جس کی قیمت زیادہ ہے، اس پر دائرہ بنائیے۔







ان دو چیزوں کے نام سوچیے جنہیں ہم ایک ہی نوٹ سے خرید سکتے ہیں۔

نوٹ	جو چیزیں آپ خرید سکتے ہیں
	
	

برابر قیمت والے نوٹوں اور سکّوں کو ملائیے۔



استاد کے لیے نوٹ: بچّوں کو اصلی نوٹ کی مختلف خصوصیات کا مشاہدہ کرنے دیجیے۔ مثلاً مہاتما گاندھی، عمارتیں، بصری کمزوری والے لوگوں کے لیے ابھری ہوئی تصاویر، اعداد، مختلف زبانوں میں اعداد کے نام وغیرہ۔ نوٹ اور سکّوں کے درمیان تعلق پر بچّوں کے ساتھ گفتگو کیجیے۔

مندرجہ ذیل نوٹوں اور سکّوں کی مدد سے دی گئی اشیا کو خریدیے۔ پیسے دینے کے لیے کم از کم دو طریقے تلاش کیجیے۔ آپ نوٹ اور سکّوں کو ایک بار سے زیادہ استعمال کر سکتے ہیں۔











کیا آپ نے یہ نوٹ دیکھا ہے؟



₹500 کے نوٹ کے برابر رقم کے 100-100 کے نوٹ بنائیے

₹500 کے ایک نوٹ کے برابر ₹100 کے کتنے نوٹ ہوں گے؟

₹500 سے آپ کون سی چیزیں خرید سکتے ہیں؟





صبح پیٹر انکل کے پاس ان کے پیسوں کے ڈبّے میں ₹465 تھے۔ دوپہر تک ان کے پاس ₹756 ہو گئے۔ انھوں نے صبح سے کتنا کمایا؟

میرا اندازہ

₹ _____

آیئے اس سوال کے لیے باکس ڈائی گرام بنائیں۔





دونوں رقموں کے بیچ کا فرق = ₹291

انھوں نے صبح سے ₹291 کمائے۔



آج پیٹر انکل نے 640 ₹ کے چاول اور 215 ₹ کی چینی فروخت کی۔ اس فروخت سے انھوں نے کتنے روپیے کمائے؟

اس مسئلے کے لیے باکس والی ڈائی گرام بنائیے۔

?

میرا اندازہ

₹ _____

حل کرنے کے لیے  کے نوٹوں اور   یا عددی خط کا استعمال کیجیے۔

آیئے کرتے ہیں

باکس ڈائی گرام کا استعمال کرکے مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے۔ جوابات کا اندازہ لگائیے۔ اس کے بعد 100 ₹ 10 ₹ اور 1 ₹ کے نوٹوں یا عددی خط کا استعمال کرکے سوالات کو حل کیجیے۔

1. ایک دن پیٹر انکل نے 650 ₹ کمائے۔ اگلے دن انہوں نے 250 ₹ اور کمائے۔ دوسرے دن تک انھوں نے کل کتنی رقم کمائی؟

استاد کے لیے نوٹ: بچّوں کو کھیل والے نوٹ اور سکّے مہیا کروایئے یا انھیں بنانے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے اکائی، دہائی اور سیکڑے کی شکل میں تبدیل کروایئے اور سوالات کو حل کرنے میں ان کا استعمال کیجیے۔



2. رینا نے ₹209 کا سودا خریدا۔ اس نے پیٹر انکل کو ₹500 کا نوٹ دیا۔ پیٹر انکل رینا کو کتنی رقم واپس کریں گے؟

3. شیریں کی گلّک میں ₹150 ہیں۔ وہ ہر ہفتے اپنی گلّک میں ₹100 ڈالتی ہے۔ چار ہفتوں کے آخر میں اس کے پاس کل کتنی رقم ہوگی؟

4. پیٹر انکل نے پہلے مہینے میں ₹250، دوسرے مہینے ₹125 بچائے اور تیسرے مہینے میں ₹350 بچائے۔ تو ان تین مہینوں میں انھوں نے کل کتنی بچت کی؟

مندرجہ ذیل جدول میں دیے گئے عددی جملوں کے 100 کے قریب ترین جوابات کا اندازہ لگائیے۔ اپنی سوچ کے بارے میں جماعت میں گفتگو کیجیے۔

عددی جملہ	قریب ترین سو
156 + 34	
125 – 15	
105 + 195	
205 + 215	
500 – 395	
765 – 567	
505 + 405	



استاد کے لیے نوٹ : بچوں کو جمع اور گھٹاؤ کی مشق کروانے کے لیے استاد اسی طرح مزید سوالات حل کروا سکتے ہیں۔ سوالوں کو حل کرنے سے پہلے ڈائی گرام بنانے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ عبارتی سوالات حل کرنے کے لیے بچوں کو کلیدی الفاظ دینے سے پرہیز کیجیے۔


گنتی کیے بغیر ہر قطار کا سوالوں کے جملوں سے موازنہ کیجیے۔ جو زیادہ ہو اس پر دائرہ بنائیے۔ جماعت میں اپنے اندازے پر گفتگو کیجیے۔

373 + 23	373 + 40
240 + 10	204 + 10
900 + 9	890 + 60
345 – 45	345 – 54
800 – 8	700 – 8

ایسے باکس تلاش کیجیے جو آپس میں برابر ہوں۔ اپنے اندازے پر جماعت میں گفتگو کیجیے۔

350 + 50	615 – 200	516 + 100
816 – 200	450 – 50	400 + 15

مناسب اعداد سے ان خانوں کو پُر کیجیے۔





استاد کے لیے نوٹ: اوپر دیے گئے سوالات کو دماغی حساب سے حل کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ بچوں سے اس طرح کے مزید سوالات کی تشکیل کروائیے۔

0–5 اعداد والے کارڈ بنائیے۔ ان کارڈوں کے استعمال سے 3 ہندسوں والے دو اعداد بنائیے۔ ان دونوں اعداد کو جوڑیے اور گھٹائیے۔ اب کارڈوں کی ترتیب کو بدلیے اور پہلے سے بڑا جوڑ حاصل کرنے کی کوشش کیجیے۔ کارڈوں کی ترتیب دوبارہ بدلیے اور سب سے چھوٹا فرق حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

اپنے دوستوں کے ساتھ جائزہ لیجیے کہ کسے سب سے بڑا جوڑ حاصل ہوا اور کس کو سب سے چھوٹا فرق ملا ہے۔



آیئے کرتے ہیں

مندرجہ ذیل عددی جملوں کو حل کیجیے۔

(a) 9 + 265
(b) 56 + 405
(c) 175 + 825
(d) 82 – 600
(e) 5 – 568
(f) 356 – 653




استاد کے لیے نوٹ: کتاب کے آخر میں دیے گئے اعداد کے کارڈوں کو استعمال کرنے کی بچوں کو اجازت دیجیے۔ اس سرگرمی کو صرف پینسل اور کاغذ کی مدد سے کرنا ان کے لیے مشکل ہوگا۔



4333CH13

13 وقت چلتا رہتا ہے





پاپا لائے نیا کیلینڈر
امّاں جھانکے اس کے اندر
اس میں تھی ایک بھول بھینکر
چھَپا نہیں تھا ماہ ستمبر
اس کے آگے کون مہینے
آتے جس میں نہیں پسینے



آیئے کرتے ہیں

ستمبر 2024 کا کیلینڈر بنایئے۔

ستمبر

Monday پیر	Tuesday منگل	Wednesday بدھ	Thursday جمعرات	Friday جمعہ	Saturday سنیچر	Sunday اتوار

ستمبر ماہ کے کیلینڈر کا مشاہدہ کر کے نیچے دی گئی خالی جگہوں کو بھریے۔

1. اس ماہ میں اتواروں کی تعداد _____

2. اس ماہ میں جمعرات کو آنے والی سبھی تاریخیں۔ _____

3. 22 ستمبر کے تین دن بعد _____ ستمبر ہے۔اس تاریخ کو _____ کا دن ہے۔

4. ایک اسکول 7 ستمبر کو 15 دن کے لیے بند ہو جاتا ہے۔ جس تاریخ کو اسکول واپس کھلے گا وہ _____ ہو گی۔



آیئے معلوم کرتے ہیں

پچھلے دو سال کے کیلینڈر لیجیے۔ دونوں کیلینڈروں میں نیچے دیے گئے تہواروں کا مشاہدہ کیجیے۔

1. دونوں کیلینڈر میں سالوں میں کیا تبدیلی آرہی ہے؟ صحیح جواب پر ✓ کا نشان لگایئے۔

- مہینوں کے نام — ایک جیسے / الگ
- ایک مہینے میں دنوں کی تعداد — ایک جیسے / الگ
- ہفتے میں دنوں کی تعداد — ایک جیسے / الگ
- اتواروں کی تعداد — ایک جیسے / الگ
- ایک سال میں ہفتوں کی تعداد — ایک جیسے / الگ

2. ان تہواروں پر دائرہ بنایئے جن کی تاریخ یکساں ہے۔

تہوار	دن مہینہ سال DD/MM/YY	دن مہینہ سال DD/MM/YY	تہوار	دن مہینہ سال DD/MM/YY	دن مہینہ سال DD/MM/YY
دیوالی			مکر سنکرانتی		
گنیش چترتھی			مہاویر جینتی		
عیدالفطر			یوم آزادی		
دشہرہ			گروپرو		
بدھ پورنما			یوم جمہوریہ		
کرسمس			آپ کی پیدائش کا دن		



آیئے کرتے ہیں

1. اپنی کاپی میں سال کے بارہ مہینوں کے نام لکھیے۔
2. وہ مہینے جن کے دنوں کے تعداد 30 سے کم ہے _____
3. ایک سال میں دنوں کی تعداد _____
4. ہیتل نے کہا کہ ایک سال میں 53 ہفتے ہوتے ہیں۔ کیا وہ صحیح ہے؟ ہاں / نہیں۔ اگر نہیں تو آپ کو کیا لگتا ہے کہ ایک سال میں کتنے ہفتے ہوتے ہیں؟

ہم کتنے بڑے ہیں؟

اپنی والدہ سے گفتگو کیجیے اور نیچے دیے گئے لوگوں کی عمر معلوم کیجیے اور خالی جگہیں بھریے۔



آج میری والدہ کی عمر



آج میری عمر



میری والدہ کی پیدائش پر میری نانی کی عمر

ہم کتنے بڑے ہیں





آج میری نانی کی عمر



میرے پیدا ہونے پر میری نانی کی عمر



میری والدہ کی عمر جب میں پیدا ہوئی

ہیتل اپنے بھائی سے دوگنا بڑی ہے۔ وہ عمر میں 10 سال اپنے بھائی سے زیادہ ہے۔ ہیتل اور اس کے بھائی کی عمر کا اندازہ لگائیے۔



استاد کے لیے نوٹ: بچوں کے ساتھ ان طریقوں پر گفتگو کریں جن کا استعمال انہوں نے مختلف لوگوں کی عمر معلوم کرنے کے لیے کیا۔

آیئے کرتے ہیں

فارم نمبر 5
گورنمنٹ آف کیرل



پیدائشی سند

یہ توضیح کی جاتی ہے کہ ذیل میں دی گئی معلومات اصل پیدائشی ریکارڈ سے لی گئی ہے جو کہ 2015 کی کوٹّایم پنچایت کے رجسٹر میں درج ہے۔

نام:	بِنسی تھامس جیکب
جنس:	لڑکی
پیدائش کی تاریخ:	02/05/2015 (02 مئی دوہزار پندرہ)
پیدائش کی جگہ:	کدم پُزہ اسپتال
والد کا نام:	جیکب تھاراکان
والدہ کا نام:	لارا تھامس
رجسٹریشن کی تاریخ:	02/05/2015
رجسٹریشن نمبر:	815/15
تاریخ: 18.05.2015	آفیسر دستخط

بِنسی کی پیدائشی سند کو دیکھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

1. 02/05/2015 سے ظاہر ہوتا ہے کہ بِنسی کی پیدائش 2 (اپریل/مئی/جون/جولائی) 2015 کو ہوئی۔
2. 2 مئی 2025 کو بِنسی کی عمر کیا ہوگی؟ _____
3. 2030 میں بِنسی کی کیا عمر ہوگی؟ _____
4. بِنسی کا آٹھواں یوم پیدائش _____ کو ہوا ہوگا۔
5. 2 اگست 2015 کو بنسی _____ مہینے کی تھی۔
6. اس کی پیدائشی سند اپیدا ہونے کے کتنے دنوں کے بعد جاری ہوئی؟ _____



آیئے کرتے ہیں

1. خالی جگہوں کو بھر کر اپنی پیدائشی سند بنائیے۔

فارم نمبر _____

گورنمنٹ آف _____

پیدائشی سند

یہ توضیح کی جاتی ہے کہ یہ معلومات اصل پیدائشی ریکارڈ سے لی گئی ہے جو کہ _____ اور _____ کے رجسٹر میں درج ہے۔

نام: _____

جنس: _____

پیدائش کی تاریخ: _____

پیدائش کی جگہ: _____

والد کا نام: _____

والدہ کا نام: _____

سند تیار ہونے کی تاریخ: _____

سند بننے کے وقت کی عمر: _____


آپ کے دستخط

2. نیچے دیے گئے خانوں میں تاریخیں لکھ کر انھیں مکمل کیجیے۔

پیدائش کی تاریخ	اسکول میں داخلے کی تاریخ	پہلی جماعت میں داخلے کی تاریخ	تیسری جماعت میں داخلے کی تاریخ

آیئے کھیلتے ہیں

ایک چلتی ہوئی گھڑی لیجیے۔ گھڑی کی سوئیوں کی حرکت کا مشاہدہ کیجیے۔ آپ نے کیا مشاہدہ کیا، گفتگو کیجیے۔



آیئے کرتے ہیں

1. ہیتل نے صبح 7 بجے اپنا ناشتہ شروع کیا۔ اس نے صبح 7:15 پر اپنا ناشتہ ختم کیا۔

(a) 07:00




(b) 07:15




اسے ناشتہ کرنے میں _____ منٹ لگے۔ آپ نے کیسے معلوم کیا؟

2. نیچے دی گئی گھڑیوں میں گھنٹے کی سوئی اور منٹ کی سوئی بنایئے۔

(a) 8:15 یا سوا آٹھ



(b) 8:30 یا ساڑھے آٹھ




استاد کے لیے نوٹ: گھڑی پر دیے گئے نشانوں اور اعداد کے بارے میں بچوں سے گفتگو کیجیے۔ گھڑی کی مدد سے گھنٹوں اور منٹوں کی مدت کی پیمائش کے عمل پر بات چیت کیجیے۔

آیئے کرتے ہیں

ہیتل کی زندگی کا ایک دن

کچھ تصاویر کے لیے وقت لکھا ہوا ہے اور اس میں آپ کو گھڑی کی سوئیوں کو بنانا ہے جبکہ دوسری تصویروں کے لیے گھڑی جو وقت دکھا رہی ہے، اس وقت کو لکھنا ہے۔



7 بجے

یوگا کرتی ہے۔





_____ بجے

سو کر اٹھتی ہے





9 بجے

سونے جاتی ہے۔






اسکول جاتی ہے۔



_____ بجے





5 بجے




پڑھتی ہے




گھر واپس آتی ہے۔








1 بجے



دوپہر کا کھانا کھاتی ہے۔


2 بجے



4 بجے

کھیلتی ہے

نانی کے گھر کا سفر



آیئے سوچتے ہیں

جدول میں دیے گئے وقت میں پوری ہونی والی اپنی روز مرّہ زندگی کی سرگرمیوں کو نیچے خالی خانوں میں بھریے۔
ہر کالم میں مثال کے طور پر ایک خانہ بھرا ہوا ہے۔

مہینوں کا وقت	ہفتوں کا وقت	دنوں کا وقت	گھنٹوں کا وقت	منٹوں کا وقت
گرمی سے سردی کے موسم میں تبدیلی	جماعت میں ایک سبق کا مکمل ہونا	سوئٹر بننا	قمیض کی سلائی	نہانا

استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو دن بھر ہو رہے مختلف واقعات کی طرف متوجہ کیجیے جن میں گھنٹے، منٹ، دن اور مہینے لگتے ہیں۔

3. مندرجہ ذیل سرگرمیوں کو مکمل کرنے میں لگنے والے منٹوں کی تعداد لکھیے۔

سرگرمی	لیا گیا وقت
اسکول کا وقت	_____ منٹ
کھانا کھانے کا وقت	_____ منٹ
مڈڈے میل (دوپہر کا کھانا)	_____ منٹ
کھیل کا وقت	_____ منٹ
رات کے کھانے کا وقت	_____ منٹ
دانت مانجنا	_____ منٹ

4. مندرجہ ذیل وقت میں آپ کون سی سرگرمی انجام دے سکتے ہیں۔

وقت	سرگرمی
5 منٹ	
10 منٹ	
15 منٹ	
20 منٹ	
25 منٹ	
30 منٹ	
45 منٹ	
60 منٹ	

5. گھنٹے اور منٹ کی سوئیوں کو دیکھ کر ذیل میں دی گئی گھڑیوں کے شروعاتی وقت اور آخر کے وقت میں کتنے منٹ صَرف ہوئے، لکھیے۔

شروعاتی وقت	ختم وقت	لیا گیا وقت
		5 منٹ
		
		
		
		
		



آیئے معلوم کرتے ہیں

1. آپ نے ڈیجیٹل گھڑیاں دیکھی ہوں گی جو مختلف جگہوں پر استعمال ہوتی ہیں۔ آپ نے ایسی گھڑیاں کہاں دیکھی ہیں؟

2. نیچے دکھائی گئی گھڑیوں کو دیکھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔





ایک **ڈیجیٹل (Digital)** گھڑی، ہندسوں کا استعمال کرکے وقت بتاتی ہے۔ جبکہ ایسی میں گھنٹے، منٹ اور سیکنڈ کی سوئیوں سے وقت دکھانے والی گھڑی کو **اینالوگ (Analog)** گھڑی کہتے ہیں۔

a. اوپر دی گئی گھڑیوں میں کیا فرق ہے؟

b. آپ کے اسکول کی دیوار پر کون سی گھڑی ہے؟

ریت گھڑی کا استعمال کرکے بھی وقت کی پیمائش کی جاسکتی ہے۔ کسی بڑے کی نگرانی میں اپنی ریت گھڑی تیار کیجیے۔

ضروری اشیا:

(i) ڈھکن والی دو بے کار شفاف یا کانچ کی چھوٹی بوتلیں

(ii) بوتلوں کے ڈھکن کو چپکانے کے لیے گوند



طریقہ:

دونوں بوتلوں کے ڈھکنوں کے اوپری حصّوں کو آپس میں گلو سے چپکایئے۔

جڑے ہوئے ڈھکنوں کے بالکل بیچ میں ایک چھید کیجیے۔

باریک ریت سے ان میں سے ایک بوتل کو آدھا بھریے اور جڑے ہوئے ڈھکنوں سے اسے بند کر دیجیے۔

دوسری بوتل کو بھی جڑے ہوئے ڈھکنوں کے دوسری طرف لگایئے۔

گھڑی کو دیکھ کر مشاہدہ کیجیے کہ ریت کو ایک بوتل سے دوسری بوتل میں منتقل ہونے میں کتنا وقت لگتا ہے۔ آپ کی ریت والی گھڑی استعمال کے لیے تیار ہے۔ مختلف کھیلوں کے دوران آپ اسے استعمال کر سکتے ہیں۔



14 سورج کنڈ میلہ

سونی اور اوی اپنے دادا دادی کے ساتھ ایک میلہ دیکھنے جا رہے ہیں۔ وہ ہریانہ کے فرید آباد ضلع کے سورج کنڈ میلے میں جا رہے ہیں۔ آیئے ہم بھی ان کے ساتھ چلیں اور لطف اٹھائیں۔



آیئے گفتگو کرتے ہیں

- کیا آپ میلہ دیکھنے گئے ہیں؟ آپ نے میلے میں کیا کیا دیکھا؟
- تصویر میں دائیں اور بائیں طرف جو جو چیزیں ایک جیسی نظر آتی ہیں انھیں تلاش کیجیے۔



استاد کے لیے نوٹ : اپنے آس پاس کے کسی میلے کی بات کیجیے جو بچوں نے دیکھا ہو۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اس تصویر کو دیکھیں اور مختلف پیٹرن کا مشاہدہ کریں جیسے زمین پر ٹائلیں، دونوں طرف ایک جیسی نظر آنے والی اشیا اور اشکال۔


ہار بنائیے

سونی اور آوی ایک اسٹال پر گئے جہاں ایک آدمی اور عورت موتیوں سے مالا بنا رہے ہیں۔



آیئے کرتے ہیں

1. آپ نے جو مالا بنائی ہے، اسے دکھانے کے لیے موتیوں میں دو رنگوں (🔴🟡) کا استعمال کر کے رنگ بھریے۔





استاد کے لیے نوٹ: گن لڑی کا استعمال کر کے آپ بچوں کو ڈوری اور دو رنگ فراہم کر سکتے ہیں۔ وہ ان موتیوں سے جو مالا بنائیں گے اسے اوپر دی گئیں مالا کو رنگ بھر کر دکھا سکتے ہیں۔



میری مالا کے دونوں آدھے ایک جیسے نہیں ہیں۔ میری مالا میں تشاکل نہیں ہے۔




میری مالا کے دونوں آدھے حصّے ایک جیسے ہیں۔ میری مالا میں تشاکل ہے۔

2. پچھلے صفحہ پر ان مالاؤں پر صحیح ✓ کا نشان لگائیے۔ جو تشاکل میں ہیں۔

3. اس طرح کی کتنی مالائیں بن سکتی ہیں؟ ان پر بحث کیجیے۔

a. جن مالاؤں میں تشاکل ہے ان پر ✓ کا نشان اور جن مالاؤں میں تشاکل نہیں ہے ان پر ✗ کا نشان لگائیے۔



b. اب، ایک رنگ کے 6 اور دوسرے رنگ کے 2 موتیوں کا استعمال کر کے تشاکل (Symmetrical) والی مالا بنائیے۔



استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو اپنے اطراف میں تشاکلی اور غیر تشاکلی اشیاء کو پہچاننے کے لیے حوصلہ افزائی کیجیے۔ ان کو اپنی وضاحت اور وجوہات کا مظاہرہ کرنے اور انھیں تقسیم کے لیے مواقع فراہم کیجیے۔


ونکم! چاروں طرف رنگولی!



سونی اور اوی تمل ناڈو کے اسٹال پر پہنچے۔ امّاں جھونپڑی کے آگے 'کولم' (رنگولی) بنا رہی ہیں۔

اقدامات کی پیروی کیجیے:





آیئے سوچتے ہیں



1. ذیل میں دی گئی رنگولیوں کا مشاہدہ کیجیے۔ کیا ساری رنگولیاں تشاکلی ہیں؟







2. ان رنگولیوں کو ایک کاغذ پر ٹریس کیجیے۔ اس ٹریسنگ پیپر کو اس طرح موڑیے کہ رنگولی کا ایک آدھا حصّہ دوسرے آدھے حصّے کو برابری سے ڈھانک لے۔

3. دی گئی رنگولیوں میں ایسے خطوط بنائیے جو ان کو یکساں طور پر دو حصوں میں بانٹ دیں۔

4. اپنے آس پاس کی تشاکلی اشیاء کو دیکھیے اور گفتگو کیجیے۔




استاد کے لیے نوٹ: 'کولم'، اس کی روایات اور وہ جس صوبے سے تعلق رکھتا ہے، ان سب کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ آپ بچوں کو پیچھے دیے گئے نقطے والے گرڈ فراہم کر سکتے ہیں۔ تشاکلی رنگولی بنانے کے لیے وہ ان کا استعمال کر سکتے ہیں۔

آیئے کرتے ہیں

آؤ رنگولی بنائیں

پکّلم کیرل



اپپن، اتراکھنڈ




1. خاکہ بنا کر نیچے دی گئی تشاکلی رنگولیوں کو مکمل کیجیے۔


a.



b.



c.



2. اپنی کاپی میں کچھ اور تشاکلی رنگولیاں بنائیے۔





استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو رنگولیوں کا آدھا حصّہ مکمل کرنے کی کچھ اور مشق دیجیے۔ مشاہدہ کیجیے اور بات چیت کیجیے کہ بچے کس طرح سے اس آدھی رنگولی کو بنا رہے ہیں۔ دوسرا آدھا مکمل کرنے کے لیے وہ کیا دھیان دے رہے ہیں؟ کون سی حکمت عملی استعمال کر رہے ہیں؟
بچوں سے وطن کے مختلف حصّوں کی رنگولیاں اکٹھا کر کے انھیں جماعت میں تبادلہ خیال کرنے کے لیے کہیے۔

مکھوٹا بنایئے!



آؤ ایک بلی کا مکھوٹا بنائیں...







استاد کے لیے نوٹ: بچوں سے بات کیجیے کہ کیوں اَوی صرف ایک آنکھ سے دیکھ پا رہا تھا۔ بچوں کو یہ سمجھنا ضروری ہے کہ صرف وہی اشیاء تشاکل ہوتی ہیں جو دو برابر حصّوں میں اس طرح تقسیم ہوتے کہ ایک آدھا حصّہ، دوسرے آدھے حصّے کو ڈھانک دے۔

جیسے کو تیسا

سونی نے ایک پینٹر سے اپنی تصویر بنوائی۔





آیئے سوچتے ہیں

1. پینٹر کون سی چال چل رہا ہے؟ پینٹر کے لیے کچھ ایسی چیزوں کی تلاش کیجیے کہ وہ ایسی چال دوبارہ نہ چل سکے۔ ایسی تین چیزوں کی تصویریں یہاں بنایئے۔


آئینے کا کھیل

سونی اور آوی نے یہ کھیل کھیلنا شروع کیا۔ آیئے ان کے ساتھ کھیلتے ہیں۔





کیا آوی نے سبھی گوٹیاں صحیح جگہ پر لگائی ہیں؟ سونی کی بنائی ہوئی خط پر آئینہ رکھ کر جانچیے۔







استاد کے لیے نوٹ: اس سرگرمی کو بڑھانے کے لیے بچے دو رنگی چیزوں کا استعمال کر سکتے ہیں جیسے اکائی مکعب کاؤنٹر وغیرہ۔ بچے زمین پر بھی یہ کھیل کھیل سکتے ہیں۔ اس کھیل میں بچے اپنے دوستوں کو، چار اشیا سے زیادہ اشیا کا استعمال کر کے چیلنج کر سکتے ہیں۔

آیئے معلوم کرتے ہیں

1 ذیل میں دی گئی تصویروں میں سے الگ تصویر پر دائرہ بنایئے اور اس کی وجہ بتایئے۔



2 4 خانوں میں لال رنگ اور 3 خانوں میں نیلا رنگ اس طرح سے بھریے کہ ایک جانب دوسری جانب کی آئینے والی شکل بن جائے۔





آپ کتنے طریقوں سے اسے بھر سکتے ہیں؟ سوچیے، سوچیے!

3 مائسی کی جانب کو کیٹی کی جانب کے جیسا بنایئے۔ آپ مائسی کی جانب صرف تین گیندوں کی ترتیب کو بدل سکتے ہیں۔



(کیٹی)








(مائسی)

4 الگ الگ سائز کے کٹ آؤٹ سے دی گئی شکل میں بنا جگہ چھوڑے اور بنا اوپر چڑھے فٹ کیجیے۔



استاد کے لیے نوٹ: پہلے سوال میں ہر تصویر کو ہٹایا جا سکتا ہے۔ بچوں کو مشاہدہ کرنے دیجیے اور پتہ لگانے دیجیے اور پھر ان کی وجوہات پر غور کریں کہ وہ کتنی ترتیب میں ہے اور عقلی ہے۔




راستوں پر ٹائل لگانا



آیئے کرتے ہیں


رنگو میٹری شکلوں کا استعمال کر کے نیچے دیے ہوئے اشکال میں اس طرح بھریے کہ وہ ایک دوسرے پر نہ چڑھے اور نہ ہی کوئی خالی جگہ باقی رہے۔




استاد کے لیے نوٹ: بچوں سے مختلف طرح کے فٹ پاتھ کی بات کیجیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ بغیر خالی جگہ اور بغیر ایک دوسرے پر چڑھی اشکال سے راستے بنایئے۔

ٹائلوں سے راستہ بنانا

آوی اور سونی نے مختلف شکلوں کو جوڑ کر اپنے ٹائل بنانا شروع کیا ہے۔



آوی کی ٹائلیں



سونی کی ٹائلیں


آیئے کرتے ہیں

1. دو اور دو سے زیادہ رنگو میٹری شکلوں کا استعمال کر کے اپنا ٹائل بنایئے اب اس ٹائل کو ٹریس کر کے مختلف طرح کے راستوں کی تشکیل کیجیے۔

اختتام

آغاز

2. نیچے دیے راستوں کو بنانے کی کوشش کیجیے۔



استاد کے لیے نوٹ: بچے خالی کاغذ پر مختلف قسم کے ٹیسلیشن بنا سکتے ہیں اور پھر اس کام کو جماعت میں مظاہرہ کیا جا سکتا ہے۔ دوہرائی جا رہی اکائی پر ان سے بات چیت کیجیے۔

بڑا والا جھولا

سونی اور آوی کے درمیان ہونے والی بات چیت کو پڑھیے اور جس جگہ کی وہ بات کر رہے ہیں اس پر نشان لگائیے۔



آیئے کھیلتے ہیں

تصوّر کیجیے کہ آپ کو آوی اور سونی کے ساتھ بیٹھے ہیں۔ آپ کسی جگہ یا اسٹال کا سوچیے اور اپنے دوست کو چیلنج کیجیے کہ وہ پتہ لگائے آپ کے دماغ میں کون سا اسٹال ہے۔ آپ ہاں یا نا میں جواب دے کر اپنے دوست کو اندازہ لگانے میں مدد کر سکتے ہیں۔


دادا اور دادی کو تلاش کیجیے

سونی اور اوی کے دادا دادی میلے میں کھو گئے ہیں۔
ان دونوں نے دادا دادی کے نام کا اعلان سنا۔



سونی اور اوی کے دادا اور دادی چوپال میں انتظار کر رہے ہیں۔





اس نقشے میں جگہوں کے نام کے ساتھ تصویریں بھی موجود ہیں۔ جھونپڑی کی تصویر دستکاری کا اسٹال ظاہر کرتی ہے۔





استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو سمتوں کی معلومات اور سمجھ پیدا کرنے کے لیے بچوں کے ساتھ مختلف قسم کے کھیل کھیلے جا سکتے ہیں جس میں سمتوں کے اشاروں پر عمل کرتے ہوئے انھیں مختلف چیزوں تک پہنچنا ہوگا۔ ایک قدم آگے، دو قدم دائیں، 5 قدم پیچھے، 3 قدم بائیں وغیرہ جیسے الفاظ بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

آیئے کرتے ہیں

1. سونی اور اَوی کی نقشہ پڑھنے میں مدد کیجیے اور مندرجہ ذیل کا پتہ لگائیے۔

   a. یہ نشان  کس جگہ کی علامت ہے؟

   .....

   b. کھیلنے کی جگہ پر دائرہ بنائیے؟

   .....

   c. یہ نشان  کس جگہ کی علامت ہے؟

   .....

   d. میلے میں سے باہر نکلنے کے کتنے راستے ہیں؟

   .....

2. سونی اور اَوی جس راستے پر چل رہے ہیں آپ بھی اسی راستے پر چلیے۔

   a. نیلے راستے پر چلیے۔

   b. ہرے راستے سے دائیں طرف مڑیے۔

   c. آپ کو اپنے دائیں طرف ایک ریستوراں دکھے گا۔ وہاں مت بیٹھیے گا۔

   d. لال راستے کی طرف بائیں مڑیے۔

   e. پہلا بائیں جو گولڈن راستے پر جاتا ہے، لیجیے۔ راستے میں آپ کو اسٹالس رکھیں گے۔

   f. اسٹال کو یاد رکھیے اور چوپال ڈھونڈیے اور دادا، دادی سے ملیے۔

3. ایک شخص نے دادا جی سے اے ٹی ایم کا راستہ پوچھا۔ ان کو چوپال سے اے ٹی ایم تک کا راستہ بتائیے۔

   .....

   .....


   .....

   .....

آیئے کرتے ہیں

1. سورج کنڈ میلے سے نکلنے کے دو راستے ہیں۔ ایک راستہ بھول بھلیّا کی طرح ہے اور دوسرا راستہ ایک دم آسان اور سیدھا ہے۔

سونی اور اَوی کو بھول بھلیّا والا راستہ پار کرنے میں مدد کیجیے۔




2. آپ بھول بھلیّا سے کیسے نکلے، بتایئے۔ راستے میں آپ کو جو جو چیزیں ملیں، ان کے نام لکھیے۔


.....

.....

.....

ڈاٹ گرڈس





عددی کارڈس


4	3	2	1
8	7	6	5
12	11	10	9
16	15	14	13
20	19	18	17
60	50	40	30
100	90	80	70
500	400	300	200
900	800	700	600

عددی کارڈس

ایک	دو	تین	چار
پانچ	چھ	سات	آٹھ
نو	دس	گیارہ	بارہ
تیرہ	چودہ	پندرہ	سولہ
سترہ	اٹھارہ	انیس	بیس
تیس	چالیس	پچاس	ساٹھ
ستر	اسّی	نبّے	سو
تین سو	تین سو	چار سو	پانچ سو
چھ سو	سات سو	آٹھ سو	نو سو

مکعب کا جال


نوٹ: نقطے والی لائنوں (Dotted lines) کو کاٹ کر کالے رنگ کی (Dark lines) لائنوں کو موڑیے۔





مکعب نما کا جال

نوٹ: نقطے والی لائنوں (Dotted lines) کو کاٹ کر کالے رنگ کی (Dark lines) لائنوں کو موڑیے۔






اسطوانہ کا جال

نوٹ: نقطے والی لائنوں (Dotted lines) کو کاٹ کر کالے رنگ کی (Dark lines) لائنوں کو موڑیے۔

